Islamiat (New Book) - 9th Class Islamiat urdu mdeium Surah Anfaal

Q1. قرآن مجید کے قیامت تک کے لیے محفوظ ہونے کی وجہ بیان کریں-

Ans 1: قرآن مجید آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر نازل ہونے والی کتاب بھی تمام بنی نوع انسان کے لے رشد وہدایت کا سرچشمہ ہے-قرآن مجید کسی خاص قوم یا وقت کے لیے نہیں بلکہ قیامت تک ے تمام انسانوں کے لیے راہ نمائی کا زریعہ ہے.

Q2. قرآن مجید کوجمع کرنے ضرورت کس کے دور میں ہوئی.

Ans 1: قرآن مجید کو سرکاری سرپرسی میں جمع کرنے کی ضرورت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں اس وقت محسوس ہوئی جب جنگ یمامہ میں قرآن مجید کے سیکڑوں حفاظ کرام شہید ہوگئے.اللہ تعالیٰ کی مدد سے مسلمانوں کو اس جنگ میں فتح نصیب ہوئی.

Q3. قرآن مجید کا اعجاز تحریر کریں

Ans 1: علوم قرآن کے تمام مباحث پر قرن اول سے اب تک ہر پہلو اور ہر زاویہ سے بحث کی جاتی رہی ہے لیکن پھر بھی ان کا حق ادا نہ ہو سکا اور اب بھی وہ تشنہ معلوم ہوتے ہیں۔ دوسرے مباحث کی طرح ’’اعجاز قرآن‘‘ کا موضوع بھی ابتدا ہی سے زیر بحث رہا ہے۔ اگرچہ ابتدائی صدیوں میں متکلمین کے کلامی مباحث یا مفسرین کی تفسیروں کے ضمن میں اس کا تذکرہ ہوتا تھا، لیکن بہت جلد اس موضوع پر مستقل تالیفات وجود میں آنے لگیں۔ چنانچہ کوئی صدی ایسی نہیں ملتی جس میں اعجاز قرآن کے موضوع پر پائے جانے والے علمی سرمایہ میں اضافہ نہ ہوا ہو۔

Q4. لفظ قرآن کس سے ہےاور اس کا معنی کیا ہے.

Ans 1: لفظ قران"قراءۃ" سے ہے جس کے معنی پڑھنے کے ہیں. چوں کہ قرآن مجید ایسی واحد کتاب ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جاتی ہے- اس لیے اسے قرآن کہا جاتا ہے. قرآن محید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جو اس نے اپنے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی-

---

Q5. قرآن کی تدوین کے لیے کس صحابہ نے کس کو کام کی تکمیل کرنے کے لیے منتخب کیا.

Ans 1: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ رضہ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ کے مشورے سے مشہور قاری قرآن حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس عظیم کام کی تکمیل کےلیے منتخب کیا.

Q6. قرآن کا مختصر تعارف بیان کریں-

Ans 1: لفظ قران "قراءۃ" سے ہے جس کے معنی پڑھنے کے ہ ین، چوں کہ قرآن محید ایسی واحد کتاب ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ پڑھ ی جاتی ہے، اس لیے اسے قرآن کہا جاتاہے. قرآن مجید اللہ تعالی کی آخری کتاب ہے ، جو اس نے اپنے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی- یہ اللہ تعالی کا کلام ہے جو اللہ تعالی کے مقرب فرشتے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے زریعے سے نازل ہوا. قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ نے تقریبا تئیس 23 سال کے عرصے میں اہستہ اہستہ حالات وواقعات اور ضرورت کے مطابق نازل فرمایا- یہ کتاب قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے رشد، ہدایت اور راہ نمائی کا زریعہ ہے- یہ قران مجید کا معجزہ ہے کہ اسے پڑھنے والا اکتاہٹ کا شکار نہیں ہوتا بلکہ اسے ہر لمحہ نئی لذت اور سرور حاصل ہوتا ہے.

Ans 2: محفوظ ترین کتاب: قرآن مجید کی حقانیت کی یہ دلیل ہے کہ اس کا ایک ایک حرف چودہ صدیاں گزرنے کے باجود بھی محفوظ ہے- قرآن مجید کے الفاظ کی طرح اس میں بیان کی گئی معلومات بھی قرآن مجید کے اعجاز کی دلیل ہین- قرآن مجید دنیا کی واحد کتاب ہے جو آج تک اسی طرح محفوظ ہے جس طرح نازل ہوئی تھی-قرآن مجید قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے ہدایت اور راہ نمائی کا زریعہ ہے چناں چہ اللہ تعالیٰ نےاس کی حفاظت کا زمہ لیتے ہوئے ارشاد فرمایا. ترجمہ: بےشک ہم ہی نے (اس) شکر(قرآن) کو نازل فرمایا اور بے شک ہم ہی اس کی ضرور حفاظت فرمانے والے ہیں

Q7. حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے عمدہ اخلاق والا کسے قرار دیا ہے.

Ans 1: حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے عمدہ اخلاق کے بارے میں فرمایا: ترجمہ: مومنوں میں سے کامل ترین ایمان والا وہ ہے جو اپنے اخلاق میں بہترین ہے ، اور ان میں سب سے بہتر وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے لیے بہتر ہیں-

---

Q8. حیا سے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کا فرمایا.

Ans 1: حیاس تے متعلق فرمایا : ترجمہ: حیا سے ہمیشہ بھلائی پیدا ہوتی ہے

Q9. حدیث کے معنی کیا ہے

Ans 1: حدیث کے لفظی معنی بات اور گفت گو کے ہیں- شرعی اصطلاح میں وہ قول اور عمل جس کی نسبت نبی کریم خاتم النبین کی طرف ہو حدیث کہلاتا ہے. یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے اقوال ، افعال اور تقریر ایسا کام جو اپ خاتم النبین کی موجودگی میں کیا گیا اور آپ خاتم النبین نے اس پر خاموشی اختیار کا مجموعہ حدیث نبوی صہ کہلاتا ہے.

Q10. ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان پر کیا حرام ہے.

Ans 1: ترجمہ: ہر مسلمان (دوسرے) مسلمان کا خون ، مال اور عزت حرام ہے.